فوری ریلیز کے لیے: 2/6/2026 **گورنر KATHY HOCHUL**

گورنر HOCHUL کا فن اور ثقافت کی غیر منافع بخش تنظیموں کے لیے $82 ملین سے زیادہ کی کیپیٹل فنڈنگ کا اعلان

ریاست بھر کے 132 منصوبوں کو آرٹس انفراسٹرکچر کی مضبوطی کے لیے فنڈز دیے گئے ہیں

نئی سرمایہ کاریاں مقامی معیشتوں کو فروغ دیں گی، فنون تک رسائی میں اضافہ کریں گی اور نئی ملازمتوں کی تخلیق میں مدد دیں گی

گورنر Kathy Hochul (کیتھی ہوکل) نے آج اعلان کیا ہے کہ ریاست نیو یارک کی کونسل برائے آرٹس (New York State Council on the Arts, NYSCA) کے کیپیٹل پروجیکٹس فنڈ (Capital Projects Fund) کے توسط سے، ریاست کے ہر ایک خطے میں موجود 132 پروجیکٹس کی معاونت کی خاطر $82.2 ملین کی رقم ایوارڈ کی گئی ہے۔ نیو یارک بھر کی غیر منافع بخش آرٹس اور ثقافت کی تنظیموں پر یہ سرمایہ کاری، عمارتوں کی انتہائی ضروری مرمت اور تزئین و آرائش کروانے، ان تک رسائی بہتر بنانے، اور تخلیقی اور ثقافتی امور کے لیے نئے مقامات کی تعمیر میں مدد و معاونت کرے گی۔ ایوارڈز ریاست نیو یارک کے تمام 10 خطوں میں دیے گئے ہیں، جبکہ 77 فیصد گرانٹ ایوارڈز $3 ملین سے کم بجٹ والی تنظیموں کو دیے گئے ہیں۔

"نیو یارک کا فنون اور ثقافت کا مضبوط شعبہ ایک شاندار اثاثہ ہے،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "عجائب گھروں، تھیٹرز اور آرٹس کے مراکز میں ہماری مسلسل سرمایہ کاریاں شاندار منافع دیتی ہیں، یعنی یہ جدت کو جلا بخشتی ہیں، مقامی معیشتوں کو تقویت دیتی ہیں، یہاں کی سیر کرنے والوں کو تحریک دیتی ہیں اور ہمیں آرٹس اور ثقافت کا ایک عالمی مرکز بناتی ہیں۔"

NYSCA کے کیپیٹل پروجیکٹس برائے آرٹس اور ثقافت ایسی حکمت آمیز سرمایہ کاریاں ہیں جو تنظیموں کو اپنی کمیونٹیز کی بہتر خدمت کرنے اور انہیں مشغول رکھنے کے لیے بااختیار بناتی ہیں۔ یہ سرمایہ کاریاں فنون اور ثقافت کے مراکز کو مادی طور پر زیادہ قابل رسائی اور پائیدار بننے کی استعداد دیتی ہیں، تنظیموں کی اپنے سامعین و ناظرین سے جڑنے کی صلاحیتیں بڑھاتی ہیں، اور انہیں رہائشیوں اور سیاحوں دونوں کے لیے یکساں طور پر سیر و تفریح کی لازمی منازل بناتی ہیں۔ طاقتور پروجیکٹس ڈیزائن میں عمدگی کو ایسے باخبر فیصلوں کے ساتھ یکجا کرتے ہیں جو نیو یارک کے فنون اور ثقافتی شعبے کی خدمت بھی کریں اور اسے مزید مضبوط بھی بنائیں، مقامی معیشتوں کو متحرک کریں، ہماری کمیونٹیز میں سرمایہ کاری کو فروغ دیں، اور ہماری ثقافتی تنظیموں کی فعالیت کو یقینی بنانے میں بھی مدد دیں۔

NYSCA کے آج اعلان کردہ ایوارڈز میں گرانٹس کے تین زمرے شامل ہیں: چھوٹے اور درمیانے درجے کی کیپٹل امپروومنٹ گرانٹس، جن کی حد $10,000 سے لے کر $2 ملین تک ہے؛ بڑی کیپٹل امپروومنٹ گرانٹس، جو $2 ملین سے $10 ملین تک ہوتی ہیں اور بڑے پیمانے والے ایسے کیپیٹل پروجیکٹس پر توجہ مرکوز کرتی ہیں کہ جن میں کمیونٹی کی ترقی اور جگہ سازی کو ترجیح دی جا رہی ہو؛ اور کیپٹل ڈیزائن گرانٹس، جو $10,000 سے $500,000 تک کی ہیں اور غیر منافع بخش فنون اور ثقافت کے کیپیٹل پروجیکٹس پر پیشرفت کے لیے درمیانے اور اگلے مرحلے کے لیے ڈیزائن کی دستاویزات کی تیاری میں معاونت کرتی ہیں۔

NYSCA کی فنڈنگ کئی اقسام کے پروجیکٹس کی معاونت کرے گی جن میں شامل ہیں:

چھوٹے درجے کی کیپیٹل امپرووومنٹ گرانٹس:

- **Red Hook Art Project, Inc (نیو یارک سٹی):** یہ پروجیکٹ ایک فیبریکیشن اسٹوڈیو میں پیشہ ورانہ معیار کے لیزر کٹر سسٹم کی تنصیب اور لیس کرنے کا کام کرے گا اور مطلوبہ حفاظتی، بجلی اور وینٹیلیشن کے انفراسٹرکچر کی تنصیب کرے گا۔
- **Writers and Books, Inc. (فنگر لیکس):** یہ پروجیکٹ حفاظت، رسائی اور صفائی میں اضافے کے لیے پرانے اور بوسیدگی کے شکار فرش کی تبدیلی کا کام کرے گا۔
- **Buffalo Suzuki Strings, Inc. (مغربی نیو یارک):** یہ پروجیکٹ پہلے سے جاری بیرونی تزئین و آرائش کے کام کو مکمل کرے گا تاکہ پہنچنے والے نقصان اور کٹاؤ کا ازالہ کیا جائے۔

درمیانے درجے کی کیپیٹل امپرووومنٹ گرانٹس:

- **بفلو اینڈ ایری کاؤنٹی ہسٹوریکل سوسائٹی (مغربی نیو یارک):** یہ گرانٹ، رین اسٹین سینٹر میں اہم نوعیت کی ساختی اور رسائی کی بہتریوں، نیز ایک نئے اضافے کے ساتھ اس کی گنجائش بڑھاتے ہوئے، سینٹر کی بحالی اور اس میں توسیع کا کام کرے گی۔
- **Seagle Music Colony, Inc (نارتھ کنٹری):** کیمپس میں ایک عدد اپڈیٹ ہو گی، جس میں فنکاروں کے لیے نئے گھر، ایک ڈائننگ ہال اور کثیرالمقاصدی جگہ شامل ہو گی تاکہ سال بھر فعال رہنے والی ثقافتی جگہ تخلیق کی جا سکے۔
- **چینینگو کاؤنٹی ہسٹوریکل سوسائٹی (جنوبی سلسلہ):** یہ پروجیکٹ عمارت کی چھت کو ایک نئی اور تاریخی اعتبار سے درست سلیٹ روف کے ساتھ تبدیل کرے گا۔

بڑے درجے کی کیپیٹل امپرووومنٹ گرانٹس

- **Capital Region Inc. کا انڈرگراؤنڈ ریل روڈ ہسٹری پروجیکٹ (URHP) (دارالحکومتی علاقہ):** یہ گرانٹ انٹرپریٹیو سینٹر آف انڈرگراؤنڈ ریل روڈ ایجوکیشن سینٹر (Interpretive Center of Underground Railroad Education Center) کی تعمیر میں معاونت کرے گی جو کہ 14,000 مربع فٹ پر محیط ایک عمارت ہے جس میں نمائش کے لیے زیادہ وسیع جگہیں، ایک لائبریری اور تحقیقی مرکز، بچوں کے لیے مختص مرکز، کانفرنس روم، کلیکشنز کے لیے جدید ترین ٹمپریچر کنٹرولڈ اسٹوریج اور دیگر سہولیات شامل ہیں۔
- **Westhampton Beach Performing Arts Center, Inc (لانگ آئی لینڈ):** یہ پروجیکٹ WBPAC کے تھیٹر اور اسٹیج ہاؤس کی جگہ میں اضافہ کرے گا جس کے نتیجے میں ایک مربوط اور جدید سہولت گاہ تیار ہو گی جس میں زیادہ بڑا اسٹیج، اضافی نشستیں اور پروگرام، پروڈکشن اور کمیونٹی کے لیے نئی جگہیں ہوں گی۔
- **Joyce Theater Foundation, Inc. (نیو یارک سٹی):** دی جوائس نیویارک سٹی فار کریئیٹیویٹی اینڈ ڈانس (The Joyce New York City for Creativity and Dance) کے تزئین و آرائش کے پروجیکٹ میں اس کی عمارت کی موجودہ منفرد خصوصیات کو جدید بنایا اور بہتر کیا جائے گا، جس کا

مقصد رقاصوں اور کمیونٹی کے صارفین کے لیے ایک محفوظ، فعال، قابلِ رسائی اور توانائی کے لحاظ سے مؤثر جگہ فراہم کرنا ہے۔

کیپیٹل ڈیزائن گرانٹس:

- **دا وہیلنگ میوزیم اینڈ ایجوکیشن سینٹر (لانگ آئی لینڈ)**: گرانٹ، سہولت گاہ میں توسیع کے لیے تصوراتی منصوبہ بندی کے مرحلے میں معاونت کرے گی۔
- **Ashokan Center Inc (مڈ ہڈسن):** یہ گرانٹ ایک نئے 5,800 مربع فٹ کے آرٹس اینڈ ایجوکیشن لاج کے ڈیزائن کے مرحلے میں معاونت کرے گی۔

گرانٹ وصول کنندگان کی مکمل فہرست آن لائن دستیاب ہے۔

ریاست نیو یارک کی کونسل برائے آرٹس کی ایگزیکٹیو ڈائریکٹر Erika Mallin (ایریکا میلن) نے کہا، "ہم جانتے ہیں کہ جب فنون پھلتے پھولتے ہیں، تو ان کے ساتھ ساتھ کمیونٹیز بھی پھلتی پھولتی ہیں، یعنی توانائی آتی ہے، ملازمتیں تخلیق ہوتی ہیں، رسائی میں اضافہ ہوتا ہے اور سیاحت بڑھتی ہے۔ یہ گرانٹ پروگرام ہمارے تخلیقی شعبے میں ایک اہم نوعیت کی سرمایہ کاری ہے، جو ہماری تخلیقی کمیونٹی کو بااختیار بناتی ہے اور جدت کو ترغیب دیتی ہے۔ سبھی گرانٹ وصول کنندگان کو مبارک ہو، ہم ان متنوع پروجیکٹس کو ریاست بھر میں ترقی کرتے ہوئے دیکھنے کے منتظر ہیں۔"

ریاست نیو یارک کی کونسل برائے آرٹس کے چیئر Patrick Willingham (پیٹرک ولینگہم) نے کہا، "تخلیق کے لیے مستحکم اور قابل رسائی جگہیں فراہم کرتے ہوئے، یہ جوشیلے پروجیکٹس ہماری شہری صحت اور ترقی میں انتہائی ضروری انفراسٹرکچر سرمایہ کاریاں ہیں اور یہ آنے والے سالوں میں ریاست نیو یارک کو تقویت بخشیں گے۔ میں کیپیٹل پروجیکٹ کے تمام گرانٹ وصول کنندگان کو مبارکباد پیش کرنا چاہتا ہوں اور ہمارے بے مثال فن اور ثقافت کے شعبے کے لیے آپ کے عزم پر آپ کا شکریہ ادا کرنا چاہتا ہوں۔"

ریاستی سینیٹر Jose Serrano (خوسے سیرانو) نے کہا، "نیو یارک نے یہ سمجھ لیا ہے کہ فنون کوئی آسائش نہیں ہیں، یہ حقیقی، قابل پیمائش اثر کے محرک ہیں۔ سرمایہ کاری کی صورت میں لگایا گیا ہر ایک ڈالر، سیاحت، تعلیم، روزگار اور رنگارنگ جگہ سازی میں منافع کی شکل میں واپس آتا ہے۔ یہ فنڈنگ یقینی بناتی ہے کہ ہماری فن و ثقافت کی تنظیمیں آنے والی دہائیوں میں رہائشیوں اور مہمانوں کو یہ ٹھوس فوائد پہنچانے کا سلسلہ جاری رکھیں گی۔"

رکن اسمبلی Ron Kim (رون کم) نے کہا، "انقلابی تبدیلیاں لانے والے یہ منصوبے اپنی کمیونٹیز کو بہتر بنائیں گے، سیاحت میں اضافہ کریں گے، ملازمتیں تخلیق کریں گے اور فنون و ثقافت تک رسائی کو وسعت دیں گے۔ مجھے خوشی ہے کہ گورنر Hochul (ہوکل) اور میرے ساتھی یہ اہم سرمایہ کاری کر رہے ہیں، اور میں NYSCA کو آج کے اعلان اور ریاست نیو یارک میں فنون کی حمایت کے مسلسل عزم پر مبارکباد پیش کرتا ہوں۔"

2018 میں NYSCA کیپیٹل پروجیکٹس فنڈ کے آغاز پانے کے بعد سے، اس ایجنسی نے گورنر اور مقننہ کے تعاون سے ریاست کے تمام 10 علاقوں میں 739 کیپیٹل گرانٹس ایوارڈ کی ہیں جن کی مجموعی مالیت382$ ملین سے زیادہ ہے۔ یہ پروجیکٹس ملازمتیں فراہم کرنے کی گنجائش میں اضافہ کرتے ہیں اور ثقافتی مقامات کو سیاحتی مقامات کے طور پر آگے بڑھاتے ہوئے انہیں نیو یارک کی مہمان نوازی، کھانوں اور مشروبات، اور ریٹیل کے شعبوں کو تقویت دینے کا ذریعہ بناتے ہیں۔ کیپیٹل پروجیکٹس فنڈ کے علاوہ، NYSCA نے مالی سال 2026 کے لیے آرٹس سے متعلقہ تنظیموں اور فنکاروں کو 80.9$ ملین کی نان-کیپیٹل گرانٹس سے بھی نوازا ہے۔

گورنر Hochul (ہوکل) نے نیو یارک کے ملکی سطح کے معروف فنون اور ثقافتی شعبے کو ترقی دینے کے لیے تاریخی سرمایہ کاریاں جاری رکھی ہیں۔ مالی سال 2027 کے نافذ کردہ بجٹ میں غیر منافع بخش تنظیموں اور انفرادی فنکاروں کے لیے NYSCA کی جانب سے عمومی آپریٹنگ معاونت کے لیے $81 ملین، نیز ایک اور $80 ملین کی کیپیٹل فنڈنگ بھی شامل کی گئی ہے تاکہ NYSCA کو موقع دیا جائے کہ وہ $10,000 سے $10 ملین تک کے حجم والے تمام پروجیکٹس کے لیے گرانٹس کا ایک اضافی دور پیش کر سکے۔

ریاست نیو یارک کونسل برائے آرٹس کا تعارف
ریاست نیو یارک کی کونسل برائے آرٹس کا مشن یہ ہے کہ ریاست نیو یارک کے فنون لطیفہ، ثقافت، اور تخلیقی صلاحیتوں کی مکمل وسعت کو فروغ دیا جائے اور اسے سب کے لیے قابل رسائی بنایا جائے۔ کونسل برائے آرٹس مالی سال 2027 میں $161 ملین سے زیادہ کی رقم ایوارڈ کرے گی، جس سے ریاست کے تمام 10 خطوں میں فنون کی سینکڑوں تنظیموں اور فنکاروں کی خدمت کی جائے گی۔ کونسل برائے آرٹس فیلڈ میں رہنماؤں کو بلا کر اور تنظیمی اور پیشہ ورانہ ترقی کے مواقع اور معلوماتی وسائل فراہم کر کے نیو یارک کی تخلیقی فضا کو مزید آگے بڑھاتی ہے۔ گورنر Nelson Rockefeller (نیلسن راک فیلر) کی جانب سے 1960 میں تخلیق کردہ اور گورنر Kathy Hochul (کیتھی ہوکل) اور ریاست نیو یارک کی مقننہ کے تعاون سے جاری رکھی گئی یہ کونسل، ایک ایسی ایجنسی ہے جو ایگزیکٹیو برانچ کا حصہ ہے۔

NYSCA کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، براہ کرم www.arts.ny.gov وزٹ کریں اور NYSCA کا Facebook پیج، X پر @NYSCArts اور Instagram @NYSCouncilontheArts پر فالو کریں۔

###

مزید خبریں www.governor.ny.gov پر دستیاب ہیں
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418
گورنر آفس سے اپ ڈیٹس کے لیے سائن اپ کریں: ny.gov/signup | 81336 پر NEW YORK ٹیکسٹ کریں

ان سبسکرائب کریں